لائٹ اینڈ شیڈ کا شاہکار

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

سٹوری

گیٹ وے آف انڈیا شہنشاہ جارج پنجم کے استقبال کیلئے دہلی دربار کے موقعہ پر تعمیر کیا گیا۔ اسکے بعد انگریزی حکومت کے جتنے وائسرائے آئے گیٹ وے آف انڈیا انکا استقبال کرتا رہا۔ لیکن آج یہ بمبئی کی ایک دلفریب تفریح گاہ ہے۔ جہاں صبح و شام لوگ گھومنے جاتے ہیں۔ اور ہماری کہانی کا مرکز بھی یہی گیٹ وے آف انڈیا ہے

گانے

گیٹ وے آف انڈیا کے

گانا نمبر ۱

یہ راہ بڑی مشکل ہے انجان ابھی تیرا دل ہے
مت پیچھے جا، باتوں میں نہ آ، ہر چیز یہاں قاتل ہے
کاغذ کے پھولوں میں خوشبو کیوں ڈھونڈ رہا ناداں تو
یہاں رنگ کا جال بچھائے بیٹھے ہیں لٹیرے ہر سو
یہاں دل نہ لگا دامن کو بچا، یہ دغا باز محفل ہے
یہ راہ بڑی ......

صحرا کی چمکتی ریتی، پانی کا ہے دھوکہ دیتی
معصوم نظر کیا جانے یہ شعلوں کی ہے کھیتی
مت پیاس بجھا دھوکے میں نہ آ، یہ بڑی ٹیڑھی منزل ہے
یہ راہ بڑی ....

گانا نمبر ۲

جلوا جو تیرا دیکھا ہم نے، آنکھوں سے شرارت ہو ہی گئی
نہ جانے کہاں سے پھر پیدا، سینے میں حرارت ہو ہی گئی

اُس شوخ کو دیکھ کے پہلے پہل، ہائے دِل گر گیا خود ہی سجدے میں
پھر بیٹھے منائے کافر کو، کعبے کی زیارت ہو ہی گئی
ایسے بھی گزاری ہے ہم نے اُلفت میں رات جدائی کی
گِن گِن کر دِل کی دھڑکنیں، ظالم پھر یاں تنہائی کی
جب دُنیا والے سوتے تھے ہم درد کے مارے روتے تھے
آنسو نہ تھمے پل بھر کے لیے ہائے یادیں اُس ہرجائی کی
اشکوں سے ہمارے صبح تلک تعمیر عمارت ہو ہی گئی
دِل لینے سے پہلے ظالم نے سو وعدے کیے سو منتیں کیں
سمجھے تھے محبت ہم جس کو آخر وہ تجارت ہو ہی گئی

گانا نمبر ۱۳

نہ سنو ہم یہ زمانے کے ہیں ٹھکرائے ہوئے
در بدر پھرتے ہیں تقدیر کے بہکائے ہوئے
کیا بتائیں تمہیں کل ہم بھی چمن والے تھے
یہ نہ پوچھو کہ ہیں ویرانے میں کیوں آئے ہوئے
بات کل کی ہے کہ پھولوں کو مسل دیتے تھے
آج کانٹوں کو بھی سینے سے ہیں لپٹائے ہوئے
ایسی گردش میں نہ ڈالے کبھی قسمت تم کو
آپ کے سامنے جس حال میں ہیں آئے ہوئے
ایک دِن پھر وہی پہلی سی بہاریں ہوں گی
ایسی اُمید پہ ہم دِل کو ہیں بہلائے ہوئے
نہ سنو ہم یہ۔۔۔
در بدر پھرتے۔۔۔

رفیع احمد تاؔ

گانا نمبر ۱

لڑکا:۔ دیکھتا چلا گیا میں زندگی کی راہ میں
ہر کوئی قدم قدم پہ مست ہے گناہ میں
تو بھی اک گناہ کر، اپنا دل کسی کی چاہ کر
دیکھتا چلا گیا...

لڑکی:۔ کوئی کہے گا کیا کوئی سنے گا کیا
لڑکا:۔ کسی کے بھی کہنے سننے سے تیرا واسطہ ہے کیا
لڑکی:۔ خیالِ زلفِ یار کر نظر کو بیقرار کر
اِدھر اُدھر تیرے قدم تو کر نہ غم
نہ سوچ زندگی میں تیرا راستہ ہے کیا

لڑکا:۔ دیکھتا چلا گیا...

لڑکی:۔ یہ چاندنی حسین نے آج تیرے ہاتھ ہے
لڑکا:۔ بڑا حسین ساتھ ہے...
لڑکی:۔ حسن ہوں میں، جہاں ہے تو مگر بتا کہاں ہے تو
لڑکا:۔ جہاں ہوں میں وہاں تو زندگی نشے میں چور ہے
سرور ہی سرور ہے تیری نظر کا نور ہے

لڑکی:۔ ذرا قریب آ میرے
لڑکا:۔ ارے اپن بھی مجبور ہے اور تو بہت ہی دور ہے
دیکھتا چلا گیا...

لڑکی:۔ تو بھی اک گناہ کر زندگی تباہ کر
لڑکا:۔ دیکھتا چلا گیا...
لڑکی:۔ صراحی جھومنے لگی، پیالے مسکرا پڑے

پہنچ گئی ہوں آسماں پہ کس طرح کھڑے کھڑے
یہ خواب یا خیال ہے
لڑکا:- نہیں یہ جام کا کمال ہے
لڑکی:- یہ جام کا کمال ہے یہ چیز بے مثال ہے
لڑکا:- دیکھتا چلا گیا...

گانا نمبر ۵

رفیع
نی لالیو وہ من تی نان - نی کھوایلو وہ نتاں کھوایلو
چل میرے دل کے اُڑن کھٹولے
اُڑتا جا تو ہولے ہولے
لے چل تجھے اُڑا کے - دُنیا میں چھپ چھپا کے
رستہ دیکھا رہے ہیں - جھونکے تجھے ہوا کے
بستی ہے دور پھر بھی ضرور - جانا ہے دل یہ بولے
چل میرے دل کے...
منزل میری وہاں ہے - ساتھی میرا جہاں ہے
رنگین سی وہ دُنیا - پھولوں کے درمیاں ہے
چھائی بہار دل بیقرار - دل بار بار بولے
چل میرے دل کے...

گانا نمبر ۶

ہم ابھی آتا تم ابھی جاتا
آنکھ ملا کے دل تڑپا کے کیوں جاتا
یوں نہ جانے دوں گا جبرا کے یوں نظر
چلے گی تمہاری نہ اگر مگر

یہ حیلے یہ بہانے بڑے ہیں پرانے
تو پھر کاہے ہمیں تو بتاتا
ہم ابھی آتا...
دل میں ہمارے بنا لے تو جو گھر
تو کٹ جائے بڑے مزے سے سفر
رسیلی ہوں گی باتیں سہانی ہوں گی راتیں
بتا دے اب ذرا تو آتا
ہم ابھی آتا...

گانا نمبر لتا

سینے میں سجن ہے دو باتیں - اک یاد رہی اک بھول گئے
اک رات ملن کی آئی تھی - اور اس کے بعد جدائی تھی
غم اور خوشی کی دو راتیں - اک یاد رہی...
سینے میں سجن...
اک ساون رت لائی جھولے
دوجے میں سجن ہم کو بھولے
دیکھی ہیں یہیں دو برساتیں - اک یاد رہی...
سینے میں سجن...
اک روز تمہیں دل دے بیٹھے - پھر روگ برہا کا لے بیٹھے
یہ پیار کی ہیں دو سوغاتیں - اک یاد رہی...
سینے میں سجن...

گانا نمبر ۹ رفیع اور لتا

لڑکا:- دو گھڑی وہ جو پاس آ بیٹھے

لڑکی:- ہم زمانے سے دور جا بیٹھے

دونو:- دو گھڑی دہ...

لڑکا:- بھول کی اُن کا ہمنشیں ہو کے
رو ہیں گے دیکھو عمر بھر کھو کے
ہائے کیا چیز تھی لٹا بیٹھے

دونو:- دو گھڑی دہ...

لڑکی:- دل کو اِک دن ضرور جانا تھا
وہیں پہنچا جہاں ٹھکانا تھا
دل وہی دل جو دل میں جا بیٹھے

دونو:- دو گھڑی دہ...

لڑکا:- ایک دل ہی تھا غمگسار اپنا
مہرباں خاص راز دار اپنا
غیر کا کیوں اُسے بنا بیٹھے

دونو:- دو گھڑی دہ...

لڑکی:- غیر بھی تو کوئی حسیں ہوگا
دل یونہی دے دیا نہیں ہوگا
دیکھ کر کچھ تو چوٹ کھا بیٹھے

دونو:- دو گھڑی دہ...

ختم شد

دالہ آباد پریس دہلی

عملیات تسخیر محبوب عرف
ہمدرد عشاق

اگر آپ کا دل کسی کافر جمال حسینہ کی زلف گرہ گیر میں اسیر ہے۔ اور کامیابی کی کوئی سبیل نظر نہیں آتی منت سماجت کرتے کرتے آپ مایوس ہو چکے ہیں۔ تو آج ہی ہماری یہ کتاب طلب فرمائیے۔ اس کے بہترین عملیات تیر بہدف ثابت ہو چکے ہیں۔ جن پر عمل کرنے اور اعتقاد رکھنے سے آپ اپنا مقصد ضرور پورا کر سکتے ہیں۔ ہزارہا اشخاص کا بارہا تجربہ کیا ہوا ہے۔ اس کا کوئی عمل کبھی خطا نہیں جاتا۔ آپ اس نادر چیز سے خاطر خواہ فائدہ اٹھائیے

قیمت صرف ١|٨| محصول ڈاک معاف

اندرجال یہ جادو کی وہ مشہور کتاب ہے جسکے لئے اردو دان اصحاب ایک مدت سے متجسس تھے۔ ہم نے زر کثیر خرچ کر کے اسے شائع کرایا ہے۔

قیمت صرف ١|٨| محصول ڈاک معاف

زین اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی